| Surname | | Other Names | |
|---|---|---|---|
| Centre Number | | Candidate Number | |
| Candidate Signature | | | |

Leave blank

General Certificate of Secondary Education
June 2006

**URDU**
**Reading Test**
**Higher Tier**

**3646/RH**

**H**

ASSESSMENT and QUALIFICATIONS ALLIANCE

Monday 22 May 2006 9.00 am to 9.50 am

**You will need no other materials.**

Time allowed: 50 minutes

**Instructions**
- Use blue or black ink or ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Write your answers in this combined question paper/answer book.
- Answer **all** questions.
- In **Section A** answer the questions in **Urdu**.
- In **Section B** answer the questions in **English**.
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.

**Information**
- The maximum mark for this paper is 45.
- The marks for questions are shown in brackets.
- You must **not** use a dictionary at any time during this test.

| For Examiner's Use | | | |
|---|---|---|---|
| Page | Mark | Page | Mark |
| 2/3 | | 18/19 | |
| 4/5 | | | |
| 6/7 | | | |
| 8/9 | | | |
| 10/11 | | | |
| 12/13 | | | |
| 14/15 | | | |
| 16/17 | | | |
| Total (Column 1) → | | | |
| Total (Column 2) → | | | |
| TOTAL | | | |
| Examiner's Initials | | | |

LEAVE MARGIN BLANK

## حصّہ (الف)

## سوالات اور جوابات اردو میں

1 سوال نمبر ا : آپ کے بھائی نے اپنے کام کے بارے میں لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| A | میں ایک ریسٹورنٹ میں کام کرتا ہوں۔ |
| B | مجھے کام پسند ہے بہت اپنا |
| C | مجھے کرنا پڑتا ہے رات کے وقت کام |
| D | میں کرتا ہوں کام روزانہ |
| E | مجھے کھانے انگریزی بھی آتے ہیں پکانے |
| F | میں بڑا ہو کر ایک ریسٹورنٹ کھولوں گا |
| G | مجھے گھنٹے ایک کے دس پونڈ ملتے ہیں۔ |
| H | میری تنخواہ اچھّی ہے۔ |
| I | میں طرح طرح کے لوگوں سے ملتا ہوں۔ |

LEAVE MARGIN BLANK

کون سے چار جملوں کی ترتیب درست نہیں ہے؟

صحیح جوابات کے انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

| مثال | B |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

*(4 marks)*

**Turn over for the next question**

4



LEAVE MARGIN BLANK

سوال نمبر ۲:　ناہید نے اپنے اسکول کے سفر کے بارے میں لکھا ہے۔ **2**

میں صبح سات بجے گھر سے چلی جاتی ہوں۔ میرا اسکول گھر سے دو میل کے فاصلے پر ہے۔ کیونکہ مجھے پیدل چلنا اچھا لگتا ہے اس لیے میں روزانہ پیدل اسکول جاتی ہوں۔ اگر برف باری ہو رہی ہو تو پھر بس لے لیتی ہوں۔

آدھے راستے میں ایک خوبصورت گرجا گھر آتا ہے۔ جس سے تھوڑا سا آگے ایک چھوٹا سا پارک ہے۔ صبح سویرے پارک میں چلنا اچھا لگتا ہے۔ کبھی کبھی اگر وقت ہو تو میں بینچ پر بیٹھ کر کچھ پڑھ بھی لیتی ہوں۔ میں تقریباً پونے آٹھ بجے اسکول پہنچ جاتی ہوں۔ میں روزانہ پہلے سبق میں تاریخ پڑھتی ہوں جو کہ میرا پسندیدہ مضمون بھی ہے۔ تین بجے اسکول بند ہوتا ہے اور میں تقریباً چار بجے گھر پہنچ جاتی ہوں۔

**مثال:**　ناہید اسکول کیسے جاتی ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
|  |  |  |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔　**A**


LEAVE MARGIN BLANK

(i) راستے میں کون سی عبادت گاہ آتی ہے؟


**A**



**B**




**C**




صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

(ii) پارک میں بیٹھ کر ناہید کیا کرتی ہے؟


**A**



**B**



**C**



صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

(iii) ناہید کا پسندیدہ مضمون کون سا ہے؟


**A**



**B**



**C**



صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

**3**

**Turn over ▶**

سوال نمبر ۳ : آپ کے ماموں جان نے پاکستان سے آپ کے گھر والوں کو شادی کا دعوت نامہ بھیجا ہے۔ 3

پیارے وسیم

السّلام علیکم۔ میں آپ اور آپ کے گھر والوں کو اپنے بیٹے عظیم کی شادی میں شرکت کی دعوت دیتا ہوں۔ دسمبر کی پندرہ تاریخ کو شادی طے پائی ہے جب کہ مہندی چودہ تاریخ کو ہوگی۔ شادی کی تاریخ جلدی میں طے کرنا پڑی کیونکہ لڑکی کے والد کو اپنی ملازمت کے سلسلے میں واپس سعودی عرب جانا تھا۔ بہت کم تعداد میں لوگوں کو شادی کی دعوت دی ہے۔ چونکہ آپ کافی عرصے سے پاکستان نہیں آئے۔ اس لیے ہم سب کی خواہش ہے کہ آپ اپنے گھر والوں کے ساتھ ہماری اس خوشی میں ضرور شریک ہوں۔ ہاں اگر ہو سکے تو عظیم کے لیے ایک اچھّا سا سُوٹ ساتھ لیتے آئیں۔ مہربانی ہوگی۔ میری طرف سے سب گھر والوں کو سلام۔

آپ کا ماموں

LEAVE MARGIN BLANK

ہر جملے کے سامنے دیے گئے خانے میں صحیح (ص) غلط (غ) یا عبارت میں نہیں (م) کے حروف لکھیں۔ " ی" کو غور سے پڑھیں۔

" ی"

| | |
|---|---|
| صحیح | ص |
| غلط | غ |
| عبارت میں نہیں | م |

| | | |
|---|---|---|
| مثال: | آپ کے ماموں نے آپ کو اپنے بیٹے کی سالگرہ پر بلایا ہے | غ |
| (i) | مہندی کی رسم پندرہ تاریخ کو ہو گی | |
| (ii) | لڑکی کے والد سعودی عرب میں کام کرتے ہیں | |
| (iii) | شادی میں آنے کے لیے بہت کم لوگوں کو بلایا گیا ہے۔ | |

*(3 marks)*

3

**Turn over ▶**

LEAVE MARGIN BLANK

سوال نمبر ۴: اُردو ٹی وی کے ہفتے کے دن کے پروگرام: **4**

| | |
|---|---|
| A | اسلام اور سائنس کے موضوع پر ڈاکٹر رحیم خان صبح آٹھ بجے گفتگو کریں گے۔ |
| B | صبح دس بجے عمران خان پاکستان کی تازہ صورتِ حال پر بات چیت کریں گے۔ |
| C | پاکستانی دسترخوان۔ مرغ بریانی بنانے کی آسان ترکیب گیارہ بجے پیش کی جائے گی۔ |
| D | آج کی تازہ خبریں۔ پاکستان سے براہِ راست بارہ بجے نشر کی جاتی ہیں۔ |
| E | ساز اور آواز۔ پرانے گانوں کا پروگرام ایک بجے سے تین بجے تک پیش کیا جائے گا |
| F | دانتوں کی حفاظت۔ ڈاکٹر فاخرہ چار بجے آپ کے سوالوں کے جوابات دیں گی۔ |
| G | پاکستان کے شمالی علاقوں کی سیر پر ایک رپورٹ پانچ بجے دکھائی جائے گی۔ |

LEAVE MARGIN BLANK

کس پروگرام کا تعلّق کس موضوع سے ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| مثال: | کھانا پکانا | C |
| (i) | سیاست | |
| (ii) | موسیقی | |
| (iii) | صحت | |
| (iv) | سیر وسیاحت | |

*(4 marks)*

**Turn over for the next question**

4

LEAVE MARGIN BLANK

سوال نمبر ۵ : نیچے ایک شاپنگ سنٹر کا اشتہار ہے۔ **5**

تمام تر جدید سہولتوں کے ساتھ راول ڈیم سے چند قدم کے فاصلے پر پانچ منزلہ شاپنگ سنٹر کا

# شاندار افتتاح

پندرہ نومبر بروز جمعرات کو ہو رہا ہے۔ اس خوشی کے موقع پر تمام اشیاء پر پچیس فیصد رعایت دی جائے گی۔ سنٹر کی تفصیل یہ ہے

| | |
|---|---|
| **پہلی منزل** | بچّوں کے کپڑے، کھلونے اور تحائف |
| **دوسری منزل** | خواتین کے سلے سلائے کپڑے |
| **تیسری منزل** | بناؤ سنگھار اور شادی کا سامان |
| **چوتھی منزل** | مردانہ لباس |
| **پانچویں منزل** | ریسٹورنٹ اور بینک |

تشریف لا کر شکریہ کا موقع دیں

LEAVE MARGIN BLANK

(i) افتتاح کے موقع پر کتنی رعایت ہوگی؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| ۵۰ فیصد | ۲۵ فیصد | ۱۵ فیصد |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(ii) آپ کھانا کھانے کے لیے کون سی منزل پر جائیں گے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| پانچویں منزل | تیسری منزل | پہلی منزل |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(iii) چھوٹے بھائی کی سالگرہ کے لیے تحفہ کہاں سے ملے گا؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| دوسری منزل | چوتھی منزل | پہلی منزل |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(iv) آپ کو کچھ پیسوں کی ضرورت ہے۔ آپ کہاں جائیں گے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| آخری منزل | تیسری منزل | دوسری منزل |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

4

**Turn over ▶**

LEAVE MARGIN BLANK

سوال نمبر ۶: حصّہ "**الف**" میں دیے گئے سوالات کے جوابات حصّہ "**ب**" میں تلاش کریں۔ 6

| ب | | الف | |
|---|---|---|---|
| میں روزانہ اسکول جاتی ہوں | A | کل کا موسم کیسا ہے؟ | (i) |
| ہم پانچ لوگ ہیں | B | آپ گرمیوں کی چھٹیوں میں کیا کریں گے؟ | (ii) |
| وہ روزانہ ورزش کرتا ہے | C | آپ اپنے فارغ وقت میں کیا کرتے ہیں؟ | (iii) |
| بارش ہونے کا امکان ہے | D | آپ کے گھر میں کُل کتنے افراد ہیں؟ | (iv) |
| میرا فرانس جانے کا ارادہ ہے | E | سگریٹ نوشی کا صحت پر کیا اثر پڑتا ہے؟ | (v) |
| میں باغبانی کرتی ہوں | F | | |
| میں بہت خوش ہوں | G | | |
| اس سے کینسر ہو جاتا ہے | H | | |
| میں بڑی ہو کر استانی بنوں گی | I | | |

حصّہ الف کے نمبروں کو حصّہ ب کے انگریزی حروف سے ملائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| مثال | (i) | D |
| | (ii) | |
| | (iii) | |
| | (iv) | |
| | (v) | |

*(4 marks)*

7 سوال نمبر ۷ :اس خط سے کچھ الفاظ مٹ گئے ہیں۔

## پیاری سہیلی

السّلام علیکم۔آپ کا خط چند ہفتے پہلے ملا تھا (مثال) [ A ] دینے میں
تھوڑی دیر اس لیے ہوگئی کیونکہ امّی کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی اور میں ان کی تیمارداری
میں (i) [ ] تھی۔ جب سے میرے بڑے بھائی جان نے گھر چھوڑا ہے امّی کی
طبیعت کچھ خراب سی رہتی ہے۔ بھائی جان کے (ii) [ ] چلے جانے سے گھر کا
ماحول ویسے بھی کچھ اداس سا ہوگیا ہے۔ ہم سب لوگ امّی کو سمجھانے کی (iii) [ ]
کرتے ہیں۔ لیکن وہ یہ سوچ بھی نہیں سکتیں کہ ان کا اکلوتا بیٹا اپنے سب خاندانی رشتے
بھلا کر اس طرح گھر (iv) [ ] کر چلا جائے گا۔ بہرحال ان کو ایک نہ ایک دن
اپنے آپ کو سمجھانا تو ہوگا۔ آپ بھی ہو سکے تو امّی کو خط لکھ کر (v) [ ] دے دیں۔
آپ کے تمام گھر والوں کو ہماری طرف سے سلام۔

آپ کی سہیلی

نیچے دیے گئے الفاظ کے صحیح انگریزی حروف خط میں دیے گئے خانوں میں لکھیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | جواب | B | سوال | C | امتحان | D | مصروف |
| E | وقت | F | پریشان | G | اچانک | H | چھوڑ |
| I | کوشش | J | تسلّی | | | | |

*(5 marks)*

9

LEAVE
MARGIN
BLANK

سوال نمبر ۸ : جاوید نے اپنے مقامی علاقے کے بارے میں لکھا ہے۔ **8**

میرا علاقہ شہر سے تھوڑے سے فاصلے پر ہے۔ اس لیے ٹریفک کی اتنی آمدورفت نہیں ہوتی۔ اس میں مختلف نسلوں کے لوگ رہتے ہیں۔ زیادہ تعداد تو پاکستانیوں کی ہے لیکن گجراتی، سکھ، بنگلہ دیشی بھی کافی تعداد میں رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ چینی، افریقی اور عرب خاندان بھی اس علاقے میں آباد ہیں۔ لوگ انگریزی کے علاوہ کئی مختلف زبانیں بولتے ہیں۔
علاقے میں ہر قسم کی دکانیں موجود ہیں اس لیے ضرورت کی چیزیں خریدنے کے لیے علاقے سے باہر نہیں جانا پڑتا۔ اسکول بھی بہت نزدیک ہیں اس لیے زیادہ تر بچّے پیدل ہی اپنے اپنے اسکولوں کو چلے جاتے ہیں۔ ایک جامع مسجد بھی ہے جہاں مسلمان عبادت کرتے ہیں اور شام کے وقت بچّے دینی تعلیم بھی حاصل کرتے ہیں۔

LEAVE MARGIN BLANK

ہر جملے کے سامنے دیے گئے خانے میں صحیح (ص) غلط (غ) یا عبارت میں نہیں (م) کے حروف لکھیں " کی" کو غور سے پڑھیں۔

" کی"

| | |
|---|---|
| صحیح | ص |
| غلط | غ |
| عبارت میں نہیں | م |

| | | |
|---|---|---|
| مثال: | جاوید کا مقامی علاقہ شہر کے نزدیک ہے | ص |
| (i) | ٹریفک کی وجہ سے لوگ کافی پریشان ہیں | |
| (ii) | علاقے میں خریداری کی سہولتیں موجود ہیں | |
| (iii) | اس علاقے میں لوگ صرف انگریزی میں بات کرتے ہیں۔ | |
| (iv) | اکثر والدین اپنے بچّوں کو اسکولوں میں چھوڑنے جاتے ہیں۔ | |
| (v) | بچّوں کی مذہبی تعلیم کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ | |

*(5 marks)*

5

**Turn over ▶**

LEAVE MARGIN BLANK

سوال نمبر ۹ : آپ مکان کرائے پر دینے کا یہ اشتہار ایک اردو اخبار میں پڑھتے/پڑھتی ہیں۔ 9

## مکان کرائے کے لیے خالی ہے

ایک دو منزلہ مکان فوری طور پر کرائے پر دینے کے لیے خالی ہے۔ مکان میں تین خواب گاہیں، ایک باورچی خانہ، ایک غسل خانہ، ایک طعام گاہ اور ایک مہمان خانہ ہے۔ تین ماہ پہلے مکان کی تمام کھڑکیاں اور دروازے تبدیل کیے گئے ہیں اور تمام گھر کی نئے سرے سے سجاوٹ بھی کی گئی ہے۔ بس سٹاپ اور دکانیں بھی مکان سے نزدیک ہیں۔ اسکول کے لیے بس لینی پڑے گی۔ کرایہ چار ہزار روپے ہے جو کہ ہر مہینے کی یکم تاریخ کو ادا کرنا ہوگا۔ گھر میں کسی قسم کے پالتو جانور رکھنے کی ممانعت ہے۔ دو ماہ کا کرایہ پیشگی دینا ہوگا۔

مکان کرائے پر لینے کے خواہش مند خواتین و حضرات فون نمبر 456732 پر رابطہ کریں۔

LEAVE MARGIN BLANK

**مثال:** اس مکان کی کتنی منزلیں ہیں؟

دو

..............................................................................................................

(i) مکان میں کچھ عرصہ پہلے کون سی تبدیلیاں کی گئی ہیں؟

..............................................................................................................

*(1 mark)*

(ii) اسکول جانے کے لیے کیا کرنا ہوگا؟

..............................................................................................................

*(1 mark)*

(iii) کرایہ کتنا ہے اور کب ادا کرنا ہوگا؟

..............................................................................................................

*(1 mark)*

(iv) پالتو جانوروں کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

..............................................................................................................

*(1 mark)*

**Turn over for Section B**

4

LEAVE MARGIN BLANK

## SECTION B

Questions and answers in **English**.

**10** You receive this letter from your elder brother in Pakistan.

پیارے عامر

السّلام علیکم۔ تین ماہ کا طویل عرصہ گزر چکا ہے لیکن آپ کا کوئی خط نہیں موصول ہوا۔ جتنی جلدی
ہو سکے اپنی خیریت کے بارے میں لکھیں۔ وقت بدل گیا ہے۔ پہلے پردیس میں رہنے والوں کو
وطن سے خط کا انتظار رہتا تھا لیکن اب وطن میں رہنے والوں کو اپنے پیاروں کے خط کا بے چینی
سے انتظار رہتا ہے۔ اکثر لوگوں سے سننے میں آتا ہے کہ مغرب کے ترقّی یافتہ ممالک میں رہنے
والے لوگوں کے پاس اتنا وقت ہی نہیں ہوتا کہ وہ اپنے عزیز و اقارب کو یاد ہی کر سکیں۔
بہر حال آنے جانے والے لوگوں سے آپ کی خیریت تو معلوم ہوتی ہی رہتی ہے لیکن آپ کے
خط سے جو خوشی ملتی ہے وہ کسی اور کی زبانی آپ کے بارے میں سُن کر نہیں ہوتی۔ ہم لوگ تو صبر کر
ہی لیتے ہیں لیکن امّی جان کو کون سمجھائے۔ اور شاید یہی وجہ ہے کہ وہ اکثر بیمار رہنے لگی ہیں۔ اور
ہمیشہ یہ بات دہراتی رہتی ہیں کہ ہم نے تو عامر کو پردیس میں صرف تعلیم حاصل کرنے کے لیے
بھیجا تھا تاکہ وہ واپس آکر اپنے ملک و قوم کی خدمت کرے اور ہمارے بڑھاپے کا سہارا بنے نہ
کہ وہ وہاں کا ہی ہو کر رہ جائے۔ پچھلی بار جب آپ پاکستان آئے تھے تو اس سلسلے میں تفصیلی
بات چیت ہُوئی تھی۔ اچھی ملازمت تو یہاں بھی مل جائے گی اور پھر ہمارا اپنا بہت اچھا کاروبار
بھی تو ہے۔ آپ اس میں بھی میرا ہاتھ بٹا سکتے ہیں۔ آپ کی منگیتر کے والدین بھی پریشان ہیں
وہ لوگ بھی آپ کے مستقبل کے پروگرام کے بارے میں جاننے کے لیے کافی بے تاب ہیں۔
ظاہر ہے ان لوگوں کو اپنی بیٹی کے مستقبل کے بارے میں فکر تو ہوگی۔ مغرب میں تو یہ شاید ایسا نہ
ہو لیکن مشرقی دنیا میں ہم لوگ ابھی تک اپنے رسم و رواج کے ساتھ ساتھ اور اپنے کیے ہُوئے
وعدوں کو بھی نہیں بھولتے۔ ان سب باتوں کے بارے میں سوچ کر ہمیں فوراً خط لکھیں تاکہ
ہمیں تسلّی ہو۔ ہم سب کی طرف سے دعا و سلام۔

آپ کا بھائی

LEAVE MARGIN BLANK

(a) Why does Amer's brother not seem happy?

..............................................................................................................................

*(1 mark)*

(b) According to the letter, what prevents people from remembering their loved ones in their countries of origin?

..............................................................................................................................

*(1 mark)*

(c) What reason is given for Amer's mother's illness?

..............................................................................................................................

*(1 mark)*

(d) What were Amer's mother's aspirations for her son? Mention any **two**.

1 ..........................................................................................................................

2 ..........................................................................................................................

*(2 marks)*

(e) How does Amer's brother persuade him to come back to Pakistan?

..............................................................................................................................

*(1 mark)*

(f) Why are Amer's fiancée's parents worried?

..............................................................................................................................

*(1 mark)*

(g) According to the letter, how do western and eastern values differ from each other? Mention **two** things.

1 ..........................................................................................................................

2 ..........................................................................................................................

*(2 marks)*

**END OF QUESTIONS**

**9**

**There are no questions printed on this page**

Copyright © 2006 AQA and its licensors. All rights reserved.